© rasailojaraid.com

بات درست نہیں ہے، اس پر حافظ صاحب ناراض ہو گئے اور وہ تراویح چھوڑ کر چلے گئے۔ ان کے ایک شاگرد حافظ عطاء اللہ صاحب منی والی مسجد میں قرآن مجید سنا رہے تھے، اور میں ٹھٹھو خان والی مسجد میں سنا رہا تھا، وہاں حافظ صاحب پہنچے، حافظ صاحب کے شاگردوں کا، اگر حافظ صاحب ان کے سامع ہوں تو دم نکلتا تھا، ایک تو اس لیے کہ ان کو قطرے کی شکایت تھی، وہ درمیان میں وضو کرنے جاتے تھے، تو ان کا انتظار کرنا پڑتا تھا اور کبھی کبھی یہ بھی ہوتا تھا کہ وہ سلام کے بعد فرماتے تھے کہ ذرا فلاں جگہ سے پڑھو، مجھے شبہ ہے تم نے غلط پڑھا تھا، اس میں آدمی اگر اس نے نماز میں صحیح بھی پڑھا ہو وہ بعد سلام پڑھنے میں غلطی کر دیتا تھا، حافظ صاحب کا حکم ہوتا تھا کہ اس رکوع کو تراویح میں پھر دہراؤ، ہم تو ان کی ان ساری باتوں کو برداشت کرتے تھے، لیکن جب حافظ صاحب حافظ عطاء اللہ کے پاس گئے تو وہ ڈیڑھ پارہ روز پڑھ رہے تھے، اس دن انہوں نے تین پارے پڑھے اور حافظ صاحب کی کوئی رعایت قطرے کی صورت میں وضو کے لیے جانے کے سلسلے میں بھی نہیں کی اور اگلے دن حافظ عطاء اللہ تراویح چھوڑ کر سہارن پور چلے گئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اگلے دن حافظ صاحب پھر آ گئے، بہر حال الحمد للہ قرآن مجید ستائیس تاریخ کو پورا ہو گیا اور چوں کہ یہ بات مشہور تھی کہ مولوی صاحب قرآن سنا رہے ہیں، یہ حافظ نہیں ہیں، تو اکیس ویں رات کے بعد کئی حافظ اپنا قرآن ختم کرنے کے بعد ہماری تراویح میں شریک ہوتے تھے، جب قرآن مجید ختم ہوا تو حضرت الاستاد نے ہماری پیشانی کو بوسہ دیا اور حافظ صدیق حسن خان صاحب نے اپنی خوشی کا اظہار فرمایا اور فرمایا کہ آپ نے ایسا قرآن سنایا ہے، جیسے پختہ حافظ سنایا کرتے ہیں۔

(جاری ہے.....

☆☆.....☆☆

اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کے نمائندے بیرونِ ملک کے سفر پر

حکومت امریکہ اور حکومت پاکستان کے پس پردہ کردار کے بعد International Centre for Religions Development "انٹرنیشنل سینٹر فار ریلیجنز ڈیولپمنٹ" (آئی سی آر ڈی) نے مدارس کے پانچوں وفاقوں کے ۵ نمائندوں کو امریکہ بلانے کی تیاری کر لی ہے، ۲۲ جون کو اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کا وفد امریکہ روانہ ہوگا۔ سیکرٹری مذہبی امور وکیل احمد خان بھی ساتھ جائیں گے۔ وفد امریکہ کے اداروں اور موثر طبقوں کے مدارس کے بارے میں تحفظات دور کرے گا، جب کہ امریکی پالیسی ساز، مدارس میں اصلاحات کے بارے میں مؤقف پیش کریں گے۔ ذرائع کے مطابق امریکہ اور پاکستان کے درمیان مدارس میں اصلاحات اور ان کے لئے جاری کئے گئے امریکی فنڈز پر پیدا ہونے والی غلط فہمیوں کے بارے میں حکومت پاکستان کی کوششوں اور امریکی حکومت کی اجازت سے (آئی سی آر ڈی) نے۔ جو کہ ایک این جی او ہے، اس میں اکثریت پاکستانیوں کی ہے۔ اتحاد تنظیمات مدارس کے علماء وفد کو امریکہ لے جا کر ڈائیلاگ کرانے کا فیصلہ کرتے ہوئے ۲۲ جون کو تیاری مکمل کر لی ہے، اس کی دعوت (آئی سی آر ڈی امریکہ) کے صدر اظہر نے کچھ عرصہ قبل پاکستان کے دورے اور مدارس کے دورے کے دوران دی تھی۔

© rasailojaraid.com